
## بگ ڈیٹا کا تجزیہ | تعلیم

# پاکستانی نوجوان پہلے کی نسبت اب زیادہ پڑھ رہیں ہیں،لیکن تعلیم کے میدان میں پیش رفت اب بھی کافی نہیں۔

پاکستان کی تقریباً 34% نوجوان خواتین نے کبھی کوئی باقاعدہ تعلیم حاصل نہیں کی، جبکہ نوجوان مرد حضرات میں یہ شرح 17% ہے۔ تاہم جو خواتین یونیورسٹی تک پہنچ جاتی ہیں، ان میں مردوں اور خواتین کا فرق تقریباً ختم ہو جاتا ہے۔ نوجوان خواتین کی 7.1% شرح اور نوجوان مرد حضرات کی 7.5% شرح کے پاس بیچلر یا اس سے اعلیٰ ڈگری ہے۔ پوسٹ گریجویٹ سطح پر خواتین کی شرح مردوں سے تھوڑی زیادہ ہے




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ

## تعلیم

### پاکستانی نوجوان پہلے کی نسبت اب زیادہ پڑھ رہے ہیں—لیکن تعلیم کے میدان میں پیش رفت اب بھی کافی نہیں۔

(اسلام آباد)، 05 اگست 2026

آج کے پاکستانی نوجوان دو دہائیوں (یعنی بیس سال) پہلے کے مقابلے میں اسکولوں میں زیادہ سال گزار رہے ہیں یعنی زیادہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ لیکن ہمسایہ ممالک کے مقابلے میں پاکستان کو ابھی ایک لمبا سفر طے کرنا ہے—خاص طور پر لڑکیوں کو بنیادی تعلیم مکمل کروانے کے معاملے میں۔

گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس نے پاکستان لیبر فورس سروے (2005-06، 2018-19 اور 2024-25) کے اعداد و شمار کا تجزیہ کیا اور اس کے نتائج کا موازنہ بھارت کے NFHS-5 اور بنگلہ دیش کے DHS 2022 سے کیا ہے۔ اس تجزیے سے معلوم ہوتا ہے کہ تعلیم کے میدان میں پیش رفت مسلسل تو ہے لیکن غیر متوازن ہے۔

گزشتہ دو دہائیوں میں 18 سے 30 سال کے نوجوانوں کے اسکول میں گزارے گئے (یعنی تعلیم حاصل کرنے) کے اوسط سالوں میں اضافہ ہوا ہے۔

- **نوجوان خواتین**: 4.2 سے بڑھ کر 6.4 سال
- **نوجوان مرد**: 6.2 سے بڑھ کر 7.9 سال

مردوں اور خواتین کے درمیان تعلیم کا فرق 2.0 سال سے کم ہو کر 1.5 سال رہ گیا ہے، لیکن یہ فرق ابھی مکمل طور پر ختم نہیں ہوا۔

بین الاقوامی سطح پر، پاکستان اب بھی دونوں ہمسایہ ممالک سے پیچھے ہے۔

نوجوان خواتین کے اسکول میں تعلیم حاصل کرنے کے اوسط سال بھارت میں 9.3، بنگلہ دیش میں 8.5 اور پاکستان میں 6.4 ہیں۔ نوجوان مردوں میں یہ اوسط بھارت میں 10.2 سال، بنگلہ دیش میں 8.1 سال اور پاکستان میں 7.9 سال ہے۔

ایک اہم بات سامنے آئی ہے: ان تینوں ممالک میں بنگلہ دیش واحد ملک ہے جہاں نوجوان خواتین اب نوجوان مردوں کے مقابلے میں اوسطاً کچھ زیادہ سال تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔

پاکستان میں سب سے بڑا چیلنج یونیورسٹی کی تعلیم نہیں، بلکہ لڑکیوں کو اتنے عرصے تک اسکول میں برقرار رکھنا ہے تاکہ وہ بنیادی تعلیم مکمل کر سکیں۔

پاکستان کی تقریباً 34% نوجوان خواتین نے کبھی کوئی باقاعدہ تعلیم حاصل نہیں کی، جبکہ نوجوان مرد حضرات میں یہ شرح 17% ہے۔ تاہم جو خواتین یونیورسٹی تک پہنچ جاتی ہیں، ان میں مردوں اور خواتین کا فرق تقریباً ختم ہو جاتا ہے۔ نوجوان خواتین کی 7.1% شرح اور نوجوان مرد حضرات کی 7.5% شرح کے پاس بیچلر یا اس سے اعلیٰ ڈگری ہے۔ پوسٹ گریجویٹ سطح پر خواتین کی شرح مردوں سے تھوڑی زیادہ ہے، (یعنی خواتین میں 3.0% اور مرد حضرات میں 2.4%)۔

صوبائی صورتحال سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ بہتری ممکن ہے۔ پنجاب میں ثانوی تعلیم (میٹرک / سیکنڈری) مکمل کرنے کی شرح مردوں اور خواتین میں تقریباً برابر ہے، جبکہ بلوچستان کو تعلیمی سطح کے لحاظ سے اب بھی بڑے فرق کا سامنا ہے۔


ان نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان کا اصل تعلیمی مسئلہ زیادہ سے زیادہ خواتین کو یونیورسٹیوں میں بھیجنا نہیں، بلکہ لڑکیوں کو ثانوی تعلیم (میٹرک / سیکنڈری) مکمل ہونے تک اسکول میں برقرار رکھنا ہے۔ پڑوسی ممالک کے تجربے سے معلوم ہوتا ہے کہ لڑکیوں کی تعلیم میں مسلسل سرمایہ کاری کے ذریعے مردوں اور خواتین کے درمیان تعلیمی فرق کو کافی حد تک کم کیا جا سکتا ہے۔

GALLUP PAKISTAN · DATA JOURNALISM

Gallup Pakistan

# Pakistan's youth are getting more educated — just not fast enough

Mean years of schooling for 18–30 year olds, across three Pakistan Labour Force Survey waves, benchmarked against India and Bangladesh's most recent DHS data.




HOW PAKISTAN COMPARES TODAY

| Country | Women | Men | |
|---|---|---|---|
| Pakistan (LFS 2024-25) | 6.4 | 7.9 | Widest gap: 1.5 yrs |
| India (NFHS-5, 2019-21) | 9.3 | 10.2 | Highest overall |
| Bangladesh (DHS 2022) | 8.5 | 8.1 | Women lead |

**THE FLOOR, NOT THE CEILING**

34% of young Pakistani women have no formal education at all, vs. 17% of men. But among those who reach university, women match or beat men — 7.1% vs 7.5% hold a bachelor's+, and women edge ahead at postgraduate level.

**PUNJAB VS BALOCHISTAN**

Punjab has nearly closed the matric-plus gender gap (49% women vs 48% men); women there lead in tertiary attainment. Balochistan's gap is vast: 17% of women vs 43% of men reach matric.

**BANGLADESH SHOWS WHAT'S POSSIBLE**

Decades of secondary-school stipends for girls and garment-sector labor demand flipped the regional script — young Bangladeshi women now out-school young men, a first for the region.

Sources: Pakistan Labour Force Survey 2005-06, 2018-19, 2024-25 (PBS); India NFHS-5 2019-21; Bangladesh DHS 2022. Years-of-schooling are weighted sample estimates; Pakistan LFS education categories mapped to approximate years of schooling for cross-survey comparability.

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

یہ تجزیہ گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس نے پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کے پاکستان لیبر فورس سروے (2005-06، 2018-19 اور 2024-25) کے اعداد و شمار کی بنیاد پر کیا ہے۔ پاکستان کے نتائج کا موازنہ بھارت کے نیشنل فیملی ہیلتھ سروے (NFHS-5) اور بنگلہ دیش کے ڈیمو گرافک اینڈ ہیلتھ سروے 2022 سے کیا گیا ہے۔ اس تجزیے میں جنوبی ایشیا کے 18 سے 30 سال کی عمر کے نوجوانوں کی تعلیمی سطح کا جائزہ لیا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 05 August 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)